© rasailojaraid.com



ترحیم — ادارہ

# مسافرینِ آخرت

منتظم دفتر نقیب ختم نبوت جناب محمد یوسف شاد کی چچی اور ان کے چچا زاد بھائی کی خوشدامن ۱۸ اکتوبر ۱۹۹۵ء انتقال کر گئیں۔ قارئین سے دعائے مغفرت کی درخواست ہے۔

## مولانا منظور احمد کی اہلیہ کی رحلت:

مجلس احرار اسلام سیالکوٹ شہر کے سابق سالار اعلیٰ شیخ الحدیث مولانا منظور احمد (فاضل دارالعلوم دیو بند) کی اہلیہ محترمہ ۹ ستمبر ۱۹۹۵ء بروز ہفتہ انتقال فرما گئیں۔

## میاں عبدالعزیز رحمہ اللہ:

مدرسہ رحیمیہ تعلیم القرآن (ڈونگہ بونگہ، ضلع بہاولنگر) کے مہتمم پیر جی عبدالقادر انجم کے چچا میاں عبدالعزیز صاحب اکتوبر کے پہلے ہفتہ میں انتقال کر گئے۔ میاں صاحب مرحوم مدرسہ کے بانی حضرت مولانا محمد سعید احمد صاحب رحمہ اللہ کے چھوٹے بھائی تھے۔ انہوں نے اپنے برادرِ بزرگ کے ساتھ مل کر مدرسہ رحیمیہ کے قیام و استحکام میں اپنی توانائیاں صرف کی تھیں۔ اللہ تعالیٰ قبول فرمائے۔

ہمارے کرم فرما محترم عبدالباسط خان خاکوانی (ملتان) کی اہلیہ محترمہ گزشتہ ماہ طویل علالت کے بعد انتقال کر گئیں۔

- مجلس احرارِ اسلام کراچی کے کارکن محترم صوفی مولا بخش صاحب کے بھتیجے اور جناب صفدر علی کے چچا زاد، حق نواز ولد قربان علی گزشتہ ماہ چنیوٹ میں انتقال کر گئے۔
- مجلس احرار اسلام ملتان کے سابق کارکن ظفر علی لدھیانوی مرحوم کے بھتیجے اور داماد، امتیاز حسین ۲ نومبر کو انتقال کر گئے۔

اراکینِ ادارہ تمام مرحومین کے پسماندگان سے اظہارِ تعزیت کرتے ہیں اور ان کے غم میں شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ سب کی مغفرت فرمائے، خطاؤں کو معاف فرمائے اور درجات بلند فرما کر ان کے ساتھ اپنے کرم کا خاص معاملہ فرمائے (آمین)

© rasailojaraid.com